میرا مکان

میرا نام احمد ہے۔یہ میرا مکان ہے ۔ اس میں میں اور میرا چھوٹا بھائی علی دونوں رہتے ہیں ۔ بر آمدے کے پیچھے ہم دونوں کے کمرے ہیں ۔ مکان کے اندر آنگن کے ایک طرف باورچی خانہ ہے اور دوسری طرف کونے میں غسل خانہ ہے ۔ کھانے کا کمرہ نہیں ہے ۔ باورچی خانے کے اندر ایک تخت ہے اور ہم دونوں اس پر بیٹھ کر کھاتے ہیں ۔ رات کو ہمارا نوکر، باورچی خانے کے تخت پر سوتا ہے ۔ ہم دونوں کے کمروں میں سونے کے لیئے پلنگ ہیں ۔ ہمارے کمروں میں کام کرنے اور بیٹھنے کے لیئے میزیں اور کرسیاں ہیں ۔ میرا چھوٹا بھائی کالج میں پڑھتا ہے ۔ ہمارا مکان کالج سے دور نہیں ہے اور بینک کے بھی پاس ہی ہے ۔ سائیکل سے جانے میں دس منٹ سے زیادہ نہیں لگتے ۔چونکہ مکاندار کو ہمارے والد جانتے ہیں اس لئے کرایہ بھی کم ہے ۔

ان سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱- یہ کس کا مکان ہے ؟

۲- اس مکان میں کون رہتا ہے ؟

۳- اس مکان میں کیا کیا ہیں ؟

۴- کیا احمد اور علی کے بغیر مکان میں کوئی رہتا ہے ؟

۵- وہ کالج کیسا آجاتے ہیں ؟